© rasailojaraid.com
www.KitaboSunnat.com



ترتیب: حافظ محمد عبداللہ ☆

# تبصرہ جات بر ماہنامہ رشد' قراءات نمبر'

## [حصہ اوّل]

مخدوم ومحترم مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی ﷾ زادکم اللہ عزا وشرفا

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی بخیر!

آپ کا مؤقر ماہنامہ 'رشد' باقاعدگی سے مل رہا ہے جب کہ یہ آپ کی شفقت ومحبت ہے کہ 'رشد' کی طرح 'محدث' بھی تسلسل سے اِرسال فرماتے ہیں اور پھر ان کے وقیع اور علمی مضامین سے استفادہ کی تقریب پیدا ہوجاتی ہے۔ جزاکم اللہ أحسن الجزاء

'رشد' کا حالیہ جون ۲۰۰۹ء کا قراءات نمبر (حصہ اوّل) موصول ہوا، جو ماشاء اللہ ۷۲۰ صفحات پر مشتمل ہے اور متنوع موضوعات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ قراءاتِ سبعہ وعشرہ کے بارے میں شبہات وتوہمات کے ازالے کا وافر مواد اس میں موجود ہے اس کے علاوہ قرآن پاک کی طباعت واِشاعت، مصحف مدینہ، برصغیر میں قراءات کے تدریجی ارتقاء، قراءات عشرہ کی اسانید، قراء کرام کا تعارف جیسے دلچسپ اور علمی عناوین پر سیر حاصل بحث ہے۔

اس وقیع اور مفید 'قراءات نمبر' پر بلاشبہ آپ اور کلیة القرآن الکریم لاہور کے تمام رفقاء مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعی کو سعی مشکور بنائے اور خدام قرآن کی فہرست میں شامل کرلے۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

یہ بات بڑی عجیب سی بات ہے کہ قراءاتِ سبعہ وعشرہ کو منکرین قراءات 'فتنہ عجم' قرار دیتے ہیں بلکہ ان قراءتوں پر مشتمل مطبوعہ قرآن مجید کو قرآن مجید ہی تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ جب کہ عالم اسلام میں یہ قراءات متعارف اور معمول بہا ہیں۔ لیبیا، تیونس، سوڈان، مراکش، ابوالجزائر، صومالیہ، مواتیانیہ، نائیجیریا اور افریقہ میں قراءات امام ورش رائج ہے۔ ان کے ہاں اسی قراءات پر قرآن پاک شائع ہوتا ہے۔ حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہونے والے حضرات ان ممالک سے آنے والے حجاج کرام کو اسی قراءات پر مطبوعہ قرآن پاک کو پڑھتے ہوئے دیکھتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے ہاں یہ قراءات اسی طرح قرنا بعد قرن رائج ہے جیسے ہمارے ہاں قراءات حفص رائج ہے۔ بلکہ سعودیہ عربیہ ''اللہ تعالیٰ اسے شاد باد رکھے'' میں مجمّع الملك فهد کی جانب سے قراءت ورش، قراءت دوری، قراءت قالون کے مطابق قرآن پاک زیور طبع سے آراستہ ہوچکا ہے اور باقی قراءت کے مطابق بھی قرآن پاک کی طباعت کا اہتمام ہو رہا ہے اب اگر ان قراءتوں کے مطابق قرآن، قرآن ہی نہیں تو اس کا منطقی نتیجہ ہے کہ تقریباً نصف کے قریب مسلمان قرآن مجید کی سعادت سے ہی محروم ہیں۔

---

☆ فاضل کلیة الشریعة، جامعہ لاہور الاسلامیہ ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور



محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ
© rasailojaraid.com